**Urdu (اردو)**




# حضرت عیسیٰ المسیح کی خاص تعلیمات

# حضرت عیسیٰ المسیح کی خاص تعلیمات

پچھلے سبق میں، میں نے حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش اور اُن کے معجزات کے بارے میں بتایا تھا۔ بہت سے نبیوں نے حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش کی پیشنگوئی کی تھی۔ فرشتے بھی آئے اور حضرت مریم علیہ السلام اور دوسرے لوگوں کو بتایا کہ حضرت عیسیٰ المسیح پیدا ہونے والے ہیں۔ وہ بغیر باپ کے پیدا ہوئے۔ اللہ نے انہیں بھیجا تاکہ وہ ہمارے گناہوں کی معافی کے لیے قربانی دیں۔ کیا کسی اور نبی کی پیدائش اتنی خاص تھی؟

حضرت عیسیٰ المسیح نے بیماروں کو ٹھیک کیا، مردوں کو زندہ کیا۔ یہ سب معجزے انہوں نے اس لیے کیے تاکہ گنہگاروں پر اپنی محبت ظاہر کریں۔ انہیں اللہ نے اتنا اختیار دیا تھا کہ وہ گناہ معاف کر سکتے تھے اور ہمارے دلوں کے چھپے ہوئے خیال بھی جانتے تھے۔ کیا کسی اور نبی نے اتنے معجزے کیے؟

آج ہم حضرت عیسیٰ المسیح کی خاص تعلیمات پر غور کریں گے۔ انہوں نے فرمایا:

‘‘راہ اور حق اور زندگی میں ہوں۔ کوئی میرے وسیلے کے بغیر خدا باپ کے پاس نہیں آسکتا۔’’

تو غور کریں، حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش خاص تھی، انہوں نے بڑے بڑے معجزے کیے، اور اُن کی تعلیمات بھی بہت زبردست تھیں۔ مگر سب سے خاص بات یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ المسیح نے ہمارے گناہوں کی معافی کے لیے اپنی جان قربان کی۔ انہیں دفن کیا گیا، اور تیسرے دن وہ دوبارہ زندہ ہو گئے۔ پھر وہ آسمان پر اٹھا لیے گئے۔ اب وہ جنت میں ہیں اور قیامت کے دن کا انتظار کر رہے ہیں۔

اب میں حضرت عیسیٰ المسیح کی تعلیمات میں سے ایک اور پیغام سنانا چاہتا ہوں، جو "انجیل شریف" میں ہے۔ یہ پیغام "پہاڑی وعظ" کے نام سے مشہور ہے، جو متی باب پانچ، چھے اور سات میں ہے۔

آیئے، اب ہم انجیلِ متی (7:24-27) سے ستائیس پڑھتے ہیں:

لہٰذا جو بھی میری یہ باتیں سن کر اُن پر عمل کرتا ہے وہ اُس سمجھدار آدمی کی مانند ہے جس نے اپنے مکان کی بنیاد چٹان پر رکھی۔

بارش ہونے لگی، سیلاب آیا اور آندھی مکان کو جھنجھوڑنے لگی۔ لیکن وہ نہ گرا، کیونکہ اُس کی بنیاد چٹان پر رکھی گئی تھی۔

لیکن جو بھی میری یہ باتیں سن کر اُن پر عمل نہیں کرتا وہ اُس احمق کی مانند ہے جس نے اپنا مکان صحیح بنیاد ڈالے بغیر ریت پر تعمیر کیا۔

جب بارش ہونے لگی، سیلاب آیا اور آندھی مکان کو جھنجھوڑنے لگی تو یہ مکان دھڑام سے گر گیا۔’’

یہ تعلیم ہمیں بتاتی ہے کہ دو طرح کے لوگ ہوتے ہیں۔

ایک وہ جو حضرت عیسیٰ المسیح کی بات بھی سنتے ہیں اور اُس پر عمل بھی کرتے ہیں۔ دوسرے وہ لوگ ہیں جو صرف بات سنتے ہیں، مگر اُس پر عمل نہیں کرتے۔ دونوں نے بات سنی، لیکن فرق یہ تھا کہ ایک نے بات پر عمل کیا جبکہ دوسرے نے عمل نہیں کیا۔ اچھے انسان کی مثال اُس شخص کی ہے جس نے اپنا گھر مضبوط زمین پر، یعنی چٹان پر بنایا۔

اور بے وقوف انسان کی مثال اُس شخص کی ہے جس نے اپنا گھر کچی زمین یعنی ریت پر بنایا۔ جب زندگی میں مشکل وقت آتا ہے —— چاہے وہ بیماری ہو، پیسوں کی تنگی ہو، یا گھر کا کوئی مسئلہ ہو —— تو جو حضرت عیسیٰ المسیح کی باتوں پر عمل کرتا ہے، وہ ثابت قدم رہتا ہے۔ مگر جو عمل نہیں کرتا، وہ مشکل وقت میں ٹوٹ جاتا ہے، جیسے کمزور گھر طوفان میں گر جاتا ہے۔

www.taleemulkalam.org

یہ تعلیم ہمیں حضرت عیسیٰ المسیح کی عظمت بتاتی ہے۔

خیر، میں ایک اور آیت پڑھوں گا، جو "انجیل شریف" میں، یوحنا باب چودہ—اُس کی آیت چھے میں ہے۔ حضرت عیسیٰ المسیح نے فرمایا:

راہ اور حق اور زندگی میں ہوں۔ کوئی میرے وسیلے کے بغیر باپ کے پاس نہیں آسکتا۔

اگر آپ اللہ تک پہنچنے کا راستہ تلاش کر رہے ہیں، تو حضرت عیسیٰ المسیح ہی وہ راستہ ہیں۔

اگر ہم اُن کی باتوں پر عمل کریں گے، تو وہ ہمیں اللہ تک لے جائیں گے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ ہم اُن کی باتوں کو سنیں اور اُس پر عمل بھی کریں۔ حضرت عیسیٰ المسیح نے فرمایا کہ میں "حق" ہوں۔ اگر آپ حق کو جاننا چاہتے ہیں، تو حضرت عیسیٰ المسیح کے پاس آئیں۔ اُن کی باتیں سنیں۔ جیسے جیسے آپ اُن کے ساتھ چلیں گے، وہ آپ کو حق دکھائیں گے۔ انہوں نے فرمایا کہ میں "زندگی" ہوں۔ یہاں وہ "ہمیشہ کی زندگی" یعنی جنت کی زندگی کی بات کر رہے ہیں۔

آج حضرت عیسیٰ المسیح کی قبر خالی ہے، کیونکہ وہ دوبارہ زندہ ہو کر جنت چلے گئے۔ اگر آپ بھی ہمیشہ کی زندگی چاہتے ہیں، تو اُن کی باتیں مانیں اور اُن پر عمل بھی کریں۔

امید ہے کہ آپ نے حضرت عیسیٰ المسیح کی عظمت کو پہچانا ہو گا۔ اُن کی پیدائش سب سے خاص تھی۔ اُن کے معجزے سب سے بڑے تھے۔ اُن کی تعلیمات سب سے سچی تھیں۔

اور سب سے بڑھ کر، وہ ہمارے گناہوں کی معافی کے لیے قربانی دینے آئے تھے۔

آج آپ کے پاس موقع ہے کہ حضرت عیسیٰ المسیح کی بات سنیں، اپنے گناہوں سے توبہ کریں، اور اُن کے شاگرد بن جائیں۔

www.taleemulkalam.org